از حکیم الاسلام مولانا قاری محمد طیب صاحب مدظلہ قاسمی
مہتمم دارالعلوم دیوبند

# شیخ الحدیث مولانا عبدالحق صاحب اکوڑوی

پچھلے سال دارالعلوم دیوبند کا عظیم الشان صدسالہ جشن انمٹ اثرات اور نقوش چھوڑ کر بڑے تزک و احتشام سے منعقد ہوا۔ اس اجتماع کی یادگار میں حکیم الاسلام مولانا قاری محمد طیب مہتمم دارالعلوم دیوبند" ارمغان اجلاس صدسالہ" کے نام سے ستر صفحات پر مشتمل ایک نظم لکھی جو اسی نام سے شائع ہوگئی ہے۔

"اس نظم میں دارالعلوم دیوبند کو مخاطب بنا کر اس کی خصوصی برکات اس کے مشاہیر سلف و خلف میں سے اسّی شخصیتوں کی خصوصیات اس کی مروجہ درسی غیر درسی کتب میں سے ایک سو چھ کتابوں کے اسماء و صفات اس کے مسلک اعتدال کے امتیازات اس کے اجلاس صدسالہ کے حالات اور غیر معمولی انتظامات اس کے عالمگیر اور دوررس اثرات اس کے ذمہ دار منتظمین کے اسماء اور خدمات ان کے حق میں ادعیہ و ترحیبات اس کے معاونین کے حق میں تہنیات دارالعلوم کے حق میں دعائے برکات اور اس کی ترقیات کی تمنیات اور مہمانوں کے حق میں نیک خواہشات وغیرہ پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی ہے"
چند اہم شخصیات کے ضمن میں حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ کے بارہ میں آپ کے رشحات فکر یہ ہیں :-

## مولانا عبدالحق اکوڑوی۔ شیخ الحدیث جامعہ حقانیہ

اکوڑہ خٹک و سابق مدرس دارالعلوم دیوبند

۳۹ ازاں ہم عبدِ حق یک شیخ حاذق
بدارالعلم بود اُستاد سابق

بعلم حق ز حق آراستہ شُد
با اخلاقِ کرم پیراستہ شُد

اکوڑہ شد بہ پاکستاں منوّر
بہر لمحہ بُرایش علم یاور

چو نُورش صورتِ محسوس بربست
ہموں دارالعلوم حقانیہ گشت

(ارمغان اجلاس صدسالہ ص ۳۷)



© rasailojaraid.com